© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

☆عظیم طاقت، کسی کے رحم وکرم پرنہیں رہ سکتی۔(بش)

یہ وقت کس کی رعونت پہ خاک ڈال گیا　　　یہ کون بول رہا ہے خدا کے لہجے میں

☆رمضان سے قبل، زکوٰۃ کی کٹوتی سے بچنے کے لیے نکلوائی گئی رقوم، بینکوں میں واپس آنا شروع ہوگئیں۔(ایک خبر)

سود میں سے زکوٰۃ کی کٹوتی! کیا شراب کے وضو سے نماز ہوسکتی ہے؟

☆ملک وقوم اور اسلام کے مفاد میں، فلور کراسنگ جائز ہے۔(سرور قادری)

عقل نئیں تے موجاں ای موجاں......!

☆مشرف میرے آقا، گورنر سرپرست ہیں، تاحیات اُن کا وفادار رہوں گا۔(رانا اعجاز)

بچے جیندے رہن...........!

☆ووٹ خریدے نہیں، مانگے ہیں۔(ظفراللہ جمالی)

گنا نہیں چوسا، گڑ کھایا ہے!

☆آئندہ انتخابات میں فیصل صالح حیات کو لوگ پتھر ماریں گے۔(عابدہ حسین)

پی پی پی......تیرا ٹھنڈا ہووے جی!

☆ڈاکٹر کرامت کو ڈین کے عہدے سے ہٹا دیا گیا۔(ایک خبر)

چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے۔

☆امریکہ کی طرف سے ایم ایس میزائل کا نیا تجربہ۔(ایک خبر)

اور دوسروں پر پابندی! کیا دوغلا پن ہے!

☆قومی اسمبلی کے باہر لیڈی کمانڈوز کا دستہ نصب۔(ایک تصویر)

لڑکیاں بن رہی ہیں کمانڈو　　　ڈھونڈ لی قوم نے فلاح کی راہ
یہ ڈرامہ دکھائے گا عجب سین　　　پردہ اٹھنے کی منتظر ہے نگاہ

☆اسلام کا احترام کرتے ہیں۔(مائیک ابروین، نائب وزیر برطانیہ)

مگر مسلمانوں کو دیکھ نہیں سکتے!



© rasailojaraid.com